© rasailojaraid.com

۴۔ ایسا رزق جس سے تعمیر کے بجائے تخریب کے سوتے پھوٹ پڑیں پسندیدہ نہیں ہے۔ ولا تعثوا فی الارض۔

۵۔ خدا کی عنایات سے اعراض مضر ہے الا یہ کہ ان کے ساتھ مزید کے لیے سعی و کوشش کرے۔ قال اتستبدلون۔

۶۔ مفت کے من و سلویٰ کے انتظار میں نہ رہے بلکہ خود بھی ہاتھ پاؤں ہلائے۔ اھبطوا مصرا فان لکم ما سالتم۔

۷۔ عملاً یا اعتقاداً آیاتِ الٰہی سے گریز اور داعیانِ دینِ برحق کے خلاف سازشوں کے جال بچھانا خطرناک ہے، وہ انفرادی ہو یا اجتماعی۔ ذلک بانھم کانوا یکفرون بایٰت اللہ و یقتلون النبیین بغیر الحق۔

۸۔ صغائر پر اصرار کے نتائج سخت سنگین اور خطرناک برآمد ہوتے ہیں، کیونکہ اس سے کبائر اور طغیان کے دروازے کھل جاتے ہیں جو بالآخر لے ڈوبتے ہیں، دنیا یا آخرت یا دونوں۔ ذلک بما عصوا وکانوا یعتدون۔

عشق کی سربلندی

اسرار احمد سہاوری

زندگی آج چشم پُرنم ہے : التفات اس کا باعثِ غم ہے
عشق کی سربلندیاں ہر سو ! ہوں مبارک، ہوس کا سر خم ہے
اہلِ دل کو خوشی مبارک ہو بوالہوس آج محوِ ماتم ہے
ہو گیا گم خلاؤں میں جا کر کیسی تقدیر ابنِ آدم ہے
رشتۂ غم بہ فیضِ لطفِ خدا ان دنوں دل سے خوب محکم ہے
یاد سے اس کی دل نہیں خالی ذکر اس کا لبوں پہ ہر دم ہے
راہ سیدھی نہیں ہے منزل کی ہر جگہ اس میں پیچ اور خم ہے
ہو ہی جائے گا فاصلہ بھی طے !
یاد اس کی ہماری ہمدم ہے

© rasailojaraid.com